بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، ساہیوال

نمبر 4290 / اے-ایس-آر
مورخہ 21-12-2022

منجانب: سیکرٹری
بجانب: جملہ سربراہان گورنمنٹ / الحاق شدہ کالجز / ہائرسیکنڈری سکولز، ملحقہ ساہیوال بورڈ

عنوان: **میٹرک سیکنڈ Annual امتحان 2022ء کے رزلٹ کی بنیاد پر آن لائن انرولمنٹ / داخلہ شیڈول برائے گیارہویں جماعت سیشن 2024-2022ء**

جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ پنجاب بورڈز کمیٹی آف چیئرمین سے جاری کردہ لیٹر نمبری **454-SY/PBCC/LHR** مورخہ **19-12-2022** کے مطابق بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، ساہیوال کی طرف سے میٹرک سیکنڈ Annual امتحان 2022ء میں پاس ہونے والے اُمیدواران کے لیے گیارہویں جماعت سیشن 2024-2022ء میں آن لائن انرولمنٹ / داخلہ کے لیے درج ذیل شیڈول جاری کیا جارہا ہے۔ سربراہان ادارہ جات کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اس شیڈول کے مطابق داخلہ / انرولمنٹ کا کام مکمل کریں۔ قواعد و ضوابط کے برعکس کیا گیا داخلہ / انرولمنٹ کسی بھی وقت منسوخ کیا جاسکتا ہے۔ اس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ ادارہ کے سربراہ پر عائد ہوگی۔

سیریل نمبر	شیڈول	تعلیمی اداروں میں داخلہ، ڈیٹا آن لائن کرنے، جمع شدہ رجسٹریشن فیس کا اصل آن لائن بنک چالان اور آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کی مصدقہ ہارڈ کاپی بمعہ فارورڈنگ لیٹر بورڈ ہذا میں جمع کروانے کی آخری تاریخ
01۔	گیارہویں جماعت میں بغیر لیٹ فیس داخلہ	19-12-2022 تا 02-01-2023
02۔	-/500 روپے لیٹ فیس (بورڈ کو واجب الادا) فی طالب علم / طالبہ کے ساتھ داخلہ	03-01-2023 تا 12-01-2023

نوٹ: مورخہ **12-01-2023** کے بعد کسی بھی ادارہ کو میٹرک سیکنڈ Annual امتحان 2022ء کے رزلٹ کی بنیاد پر داخلہ کی اجازت ہرگز نہیں ہوگی۔ رجسٹریشن کا ڈیٹا آن لائن کرنے کیلئے ادارہ جات اپنے سابقہ User I.D اور Password استعمال کریں۔ رجسٹریشن ریٹرن اور بنک چالان کی صرف آن لائن ہارڈ کاپی قابل قبول ہوگی، مینوئل رجسٹریشن ریٹرن و مینوئل بنک چالان قابل قبول نہ ہوگا۔ رجسٹریشن کا ڈیٹا آن لائن کرتے وقت یا ویب سائٹ میں کسی دشواری کی صورت میں رجسٹریشن برانچ کے فون نمبر **040-9200526** اور کمپیوٹر برانچ کے فون نمبر **040-9200523** پر رابطہ کریں۔

قواعد و ضوابط برائے داخلہ / انرولمنٹ ریٹرن

فیس شیڈول برائے گورنمنٹ / الحاق شدہ پرائیویٹ ادارہ جات

سیریل نمبر	فیس شیڈول	فی طالب علم / طالبہ
01۔	رجسٹریشن فیس	-/1000 روپے
02۔	پروسیسنگ فیس	-/530 روپے
03۔	ڈویلپمنٹ فنڈ	-/200 روپے
04۔	سپورٹس فیس	-/130 روپے
05۔	سکالرشپ فنڈ	-/80 روپے
ٹوٹل فیس		-/1940 روپے

مضمون / گروپ / کوائف کی تبدیلی / دُرستی کا طریقہ کار:-

مذکورہ بالا شیڈول کے تحت داخل شدہ طلباء / طالبات کے مضمون کی تبدیلی / دُرستی بورڈ کی ویب سائٹ پر آن لائن کر کے اس کی تصدیق شدہ ہارڈ کاپی ہمراہ فیس فی مضمون مبلغ **-/2400 روپے** اور گروپ کیلئے مبلغ **-/2200 روپے** اور کوائف (نام، والد کا نام، ب فارم، والد کا شناختی کارڈ) کیلئے مبلغ **-/500 روپے** اور تصویر کیلئے مبلغ **-/1050 روپے** فی دُرستی کیلئے جمع شدہ فیس کا اصل بنک چالان لف کر کے متعلقہ رجسٹریشن ریٹرن جمع ہونے کی آخری تاریخ کے بعد **10 یوم** تک دُرستی فارم کے ہمراہ جمع کرائیں نیز تصویر دُرستی کیلئے **02 عدد** تصاویر سربراہ ادارہ سے تصدیق کرا کے فراہم کی جائیں۔

ضروری نوٹ: گیارہویں جماعت سیشن 24-2022ء میں رجسٹرڈ ہونے والے تمام مسلم طلباء / طالبات کیلئے قرآن مجید بمع ترجمہ بطور لازمی مضمون پڑھنا لازمی ہوگا جس کا امتحان اِنٹر سالانہ 2023ء میں ہوگا۔ غیر مسلم اُمیدواران ترجمہ قرآن مجید کے متبادل ''اخلاقیات (Ethics)'' اور اسلامیات لازمی کے متبادل ''مذہبی تعلیم (Religious Education)'' کا امتحان دیں گے۔

(ڈاکٹر رابعہ اختر)
سیکرٹری

کاپی برائے اطلاع:-

1- جملہ سیکرٹریز، پنجاب بورڈز بشمول میرپور (آزاد جموں و کشمیر بورڈ)
2- جناب چیف ایگزیکٹو آفیسرز (ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی) ساہیوال، پاکپتن، اوکاڑہ
3- جناب ڈائریکٹر محکمہ تعلقات عامہ، ساہیوال (25 کاپیاں برائے اشاعت قومی و مقامی اخبارات)
4- پی-ایس برائے چیئرمین
5- پی-اے برائے سیکرٹری
6- پی-اے برائے کنٹرولر امتحانات
7- ڈائریکٹر آف ایجوکیشن (کالجز) ساہیوال ڈویژن، ساہیوال
8- جملہ آفیسران بورڈ ہذا
9- سسٹم اینالسٹ (برائے ویب سائٹ)